# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو زبان قواعد و املا (9010) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- اردو رسم الخط کا تعارف کرائیں اور اردو مصوتوں کی تفصیل لکھیں۔ (20)

سوال 2- اسم نکرہ کی اقسام تفصیل سے بیان کریں۔ جواب کی وضاحت مثالوں سے کریں۔ (20)

سوال 3- اسم کی تعریف کریں اور اقسام مثالوں سے واضح کریں۔ (20)

سوال 4- فعل کی اقسام تحریر کریں اور ان کی وضاحت مثالوں سے کریں۔ (20)

سوال 5- مترادف، متضاد، متشابہ، ذو معنی الفاظ، جمع الجمع کی تشریح کریں اور سابقوں لاحقوں سے اشتقاق کی وضاحت کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- غلط العام اور غلط العوام کا فرق واضح کریں۔ غلط جملوں کی درستی میں فاعل، مفعول، صفت، موصوف، مضاف مضاف الیہ کی مطابقت کو مثالوں سے واضح کریں۔ (20)

سوال 2- اردو کے اعراب وعلامات کی وضاحت مثالوں کی مدد سے کریں۔ (20)

سوال 3- درج ذیل اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ (20)

ہائے مخلوط، ہائے مختفی، دامعدولہ، ہائے معدولہ، شمسی وقمری حروف

سوال 4- اردو تحریر کی عمومی غلطیوں کی نشان دہی کریں اور املا کے جدید اصولوں کی روشنی میں اصلاح کی تجاویز دیں۔ (20)

سوال 5- اردو رموز اوقاف کا مختصر پس منظر بتائیں نیز رموز اوقاف کی معروف علامات ومخففات کی وضاحت کریں۔ (20)